# بہت بھوکے کیڑے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 50

**NOT FOR SALE**

حکومت بلوچستان
Balochistan Education Project
Secondary Education Department

# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے



**ٹیچر کے لئے نوٹ**

بہت بھوکے کیڑے ایک آسان سی سیدھی سادھی کہانی ہے۔ مگر اس کو پڑھاتے وقت ٹیچر اس بات کا خیال رکھیں کہ محض کہانی کے طور پر ہی اس کو نہ پڑھائیں بلکہ بچوں کو اس کے سائنسی پہلو کو بھی آسان زبان میں سمجھائیں۔ ٹیچر بچوں سے بات چیت کریں اور بتائیں کہ آج ہم کچھ بہت بھوکے کیڑوں کی کہانی پڑھیں گے۔ ان کیڑوں سے ہمیں بھی بچ کر رہنا چاہئے۔ مگر ان سے بچ کر کیسے رہنا چاہئے۔ اس بارے میں ہم کہانی کی پڑھائی کے دوران بات چیت کریں گے۔

## سیشن 1

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ ہم عام طور پر جب بھوکے ہوتے ہیں تو کیا کرتے ہیں۔
- بچے جواب دیں گے کہ کھانا کھاتے ہیں۔
- اب انہیں بتائیں کہ انسان کی طرح جانور پرندے اور کیڑے بھی بھوک لگنے پر کھانا کھاتے ہیں۔ انسان اگر کھانا کھاتا ہے تو اسے ختم بھی کرتا ہے۔ مگر پرندے دانا تو کھا لیتے ہیں مگر جب پھل کھاتے ہیں تو کتر کر چھوڑ دیتے ہیں۔ چھوٹے کیڑے جنہیں ہم انگریزی میں caterpillar یا worms کہتے ہیں اگر پھلوں میں پیدا ہوجائیں تو پھلوں کے اندر نشان پیدا کردیتے ہیں اور پھل کے اندر ایک سوراخ سا ہوجاتا ہے۔ یہ وہ حصہ ہوتا ہے جو کیڑا کھا چکا ہوتا ہے اور اس پھل کو کھانے سے وہ کیڑے ہمارے پیٹ میں چلے جاتے ہیں۔ جس سے ہمارے پیٹ میں bacteria یعنی جراثیم پیدا ہوتے ہیں اور طبیعت خراب ہوجاتی ہے۔

10 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتابیں کھولیں۔
- سب سے پہلے ٹیچر سبق کو پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں سے پوچھیں میکائیل پیٹ پکڑ کر کیوں لیٹ گیا؟
- کیا آپ کبھی اس طرح پیٹ پکڑ کر لیٹے ہیں؟
- دو تین بچوں کے جوابات غور سے سننے کے بعد ان سے کہیں کہ اب آپ میں سے چھ بچے باری باری

سبق کی پڑھائی کریں۔ سب سے پہلے کون بچہ پڑھے گا اس کا فیصلہ خود ٹیچر کریں۔ اس کے بعد وہ بچا کسی دوسر بچے کا نام بتائے اسی طرح باری باری چھ بچے پڑھائی کریں۔ اس طریقے سے پڑھائی کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ تمام بچے کلاس میں ذہنی طور پر حاضر رہتے ہیں اور پڑھائی کا شوق بھی قائم رہتا ہے۔

20 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ آپ کچھ اور کیڑوں کے نام جانتے ہیں۔ بچے مختلف نام بتائیں گے۔ مثلاً مچھر، کاکروچ، چیونٹی، دیمک وغیرہ۔
- انہیں بتائیں کہ سب کیڑے محض نقصان نہیں پہنچاتے ہیں۔ ان میں سے کچھ ہمارے لئے فائدہ مند بھی ہوتے ہیں۔
- بورڈ پر لائن کھینچ کر ایک طرف لکھیں نقصان پہنچانے والے کیڑے۔ دوسری طرف لکھیں فائدہ پہنچانے والے کیڑے۔ دونوں طرح کے چار چار کیڑوں کے نام لکھیں۔

| نقصان پہنچانے والے کیڑے | فائدہ پہنچانے والے کیڑے |
|---|---|
| ٹڈی | چیونٹی |
| جھینگر | تتلی |
| مچھر | شہد کی مکھی |
| مکھی | کیچوے |

گھر کا کام
5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر سے دیکھ کر دونوں طرح کے کیڑوں کے نام اپنی کاپی میں اتاریں۔ بچے یہ کاپیاں اپنے ساتھ گھر لے جائیں اور اپنے امی ابو یا کسی اور بڑے سے پوچھ کر نقصان پہنچانے والے کسی دو کیڑوں کے نام اور لکھ کر لائیں۔ (کاکروچ، سانپ، دیمک، سنڈی)

بچوں کو بتائیں کہ کل ہم مزید کیڑوں کے متعلق باتیں بھی کریں گے اور سبق کے حوالے سے کام بھی کروایا جائے گا۔

# سیشن 2

10 منٹ

- چھ سے آٹھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کروانے کا طریقہ وہی رکھیں جو پہلے سیشن میں رکھا تھا۔

20 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر تین کیڑوں کے نام لکھیں۔
مچھر ۔مکھی ۔ٹڈی
- ان تینوں الفاظ کو ٹیچر باری باری بچوں کو پڑھ کر سنادیں۔
- اب ان سے کہیں کہ ہم ان تینوں کیڑوں کی علیحدہ علیحدہ بات کریں گے۔
- کیا بچے بتاسکتے ہیں کہ مچھر نقصاندہ کیڑا کیوں ہے؟
- بچے یقیناً کچھ جواب دیں گے۔

ٹیچر ان کو بتائیں کہ مچھر گندی جگہوں یعنی گندے پانی کے جوہڑ' گٹر وغیرہ میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ انسان کو بھی بہت زور سے کاٹتے ہیں اس کے کاٹنے سے جسم پر دانا سا پڑ جاتا ہے اور ہمیں تکلیف اور کھجلی بھی ہوتی ہے۔ کچھ مچھر ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے کاٹنے سے ایک قسم کا بخار آتا ہے۔ بچوں سے پہلے اس بخار کا نام پوچھیں پھر انہیں بتائیں کہ مچھر کے کاٹنے سے ملیریا ہوجاتا ہے۔

یہ بخار اکثر بہت خطرناک بھی ہوسکتا ہے۔ اس لئے کوشش کرنا چاہیئے کہ گھر میں اور گھر کے باہر صفائی رہے۔ گھر کے جالی کے دروازے اچھی طرح بند کرنا چاہیئے اور اگر ہوسکے تو جس زمانے میں مچھر زیادہ ہوتے ہیں اس زمانے میں مچھر دانی میں سونا چاہیئے۔

- اکثر بچے شاید مچھر دانی کا نام نہ جانتے ہوں۔ انہیں بتائیں کہ یہ جالی کی بنی ایک بڑی سی چھتری سی ہوتی ہے جسے چار ڈنڈوں کی مدد سے بستر کے اوپر لگالیتے ہیں۔ اس طرح جب ہم بستر پر سوتے ہیں تو مچھروں سے محفوظ رہتے ہیں۔
- ٹیچر اب دوسرا لفظ ''مکھی'' دوبارہ پڑھ کر سنائیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ میں سے کچھ بچے بتاسکتے ہیں کہ مکھی گندہ کیڑا کیوں ہوتی ہے۔ جب بچے بتاچکیں تو ٹیچر بھی ان کو بتائیں کہ مکھی گندی چیزوں پر بیٹھتی ہے اور پھر اڑ کر کھانے کی چیزوں پر بھی

بیٹھتی ہے۔ اس طرح اس کے پاؤں پر لگے ہوئے گندگی کے جراثیم کھانے کی چیزوں پر بھی آ جاتے ہیں اور جب ہم ان چیزوں کو کھاتے ہیں تو طرح طرح کی پیٹ کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ اپنے گھر اور علاقے کو مکھی مچھر سے پاک رکھیں۔ کھانا ہمیشہ ڈھک کر رکھنا چاہئے تا کہ وہ مکھیوں سے محفوظ رہے اور بازار کی کھلی چیزیں ہرگز نہیں کھانا چاہئے۔ اس کو کھانے سے پیٹ کی بیماریاں ہونے کا ڈر ہوتا ہے۔

- اب بچوں کو لفظ ٹڈی پڑھ کر بتائیں۔
انہیں بتائیں کہ ٹڈی کھیتوں اور فصلوں کے لئے بہت خطرناک کیڑا ہے۔
ان ہی کھیتوں پر ٹڈیاں حملہ کردیں تو پوری کی پوری فصل خراب ہوجاتی ہے۔
ٹڈیاں ایک گروپ کی شکل میں سفر کرتی ہیں اور کھیتوں پر حملہ بھی اسی صورت میں یعنی گروپ بنا کر کرتی ہیں۔

10 منٹ
- بچے اپنی کاپی میں بورڈ پر تینوں الفاظ اتاریں اور پھر ٹیچر تینوں الفاظ کی توڑ بھی بورڈ پر لکھ دیں۔ پہلے ٹیچر توڑ کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔ پھر بچے کاپی میں الفاظ اور ان کی توڑ لکھیں۔

گھر کا کام
5 منٹ
- بچے گھر سے کوئی بھی ایک پھل لے کر آئیں۔ ٹیچر بھی ایک امرود یا ایک سیب یا کوئی اور پھل لائیں۔ مگر وہ پھل ایسا ہونا چاہئے جو خراب ہو اور جس پر نشان ہوں تا کہ بچے صاف اور خراب پھل کی پہچان کرسکیں۔ سب بچے ایک ایک چمچہ بھی لے کر آئیں۔ ٹیچر آٹھ پلیٹوں کا انتظام کرلیں۔ ہدایات ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے کاپی میں اتاریں۔

## سیشن 3

40 منٹ
- ایک بڑے پیالے کا انتظام کریں۔ ساتھ میں چینی اور چاٹ مصالحہ بھی منگوالیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لائے ہوئے پھل باری باری میز کے پاس لے کر آئیں۔ ساتھ میں اپنی کاپی

کھول کر رکھیں۔

- جیسے جیسے بچے پھل لے کر آتے جائیں پہلے ٹیچر ان سے اس پھل کا نام پوچھیں۔
- وہ نام ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ نام کو اپنی کاپی میں اتار لیں۔
- پھل کو میز پر رکھ دیں۔
- اگر ایک ہی پھل بہت سے بچے لے کر آئیں تو اس کا نام صرف ایک مرتبہ ہی لکھیں۔
- جب سب بچے باری باری پھل لا چکیں تو کسی ایک بچے سے کہیں کہ اپنی کاپی میں لکھے ہوئے نام پڑھ کر سنائیں۔
- ٹیچر اب سارے پھل اچھی طرح دھوئیں اور باری باری چند پھل اٹھا کر اچھی طرح بچوں کو دکھا کر چیک کروائیں کہ ان پر کوئی نشان تو نہیں ہے۔
- اگر نشان ہے تو بہت ممکن ہے کہ اس کو کیڑے نے کھایا ہے۔ ایسے پھل کو ٹیچر استعمال میں نہ لائیں۔
- اب ٹیچر اپنا لایا ہوا پھل بچوں کو دکھائیں۔ جس کو کیڑے نے کھایا ہے اور اس کے اوپر نشان بھی ہے۔
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آپ بتا سکتے ہیں کہ اس پھل پر نشان کیوں ہے۔
- وہ جواب دیں گے کہ یہ کیڑے کا نشان ہے۔
- انہیں بتائیں کہ بعض پھلوں کے اوپر نشان نہیں ہوتا ہے مگر ان کے اندر کیڑا ہوتا ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ایسا کیوں ہوتا ہے۔
- ٹیچر پہلے بچوں کے جوابات سنیں۔ پھر انہیں بتائیں کہ بعض کیڑے اتنے باریک ہوتے ہیں کہ بہت ہی چھوٹا سوراخ کرکے پھل کے اندر چلے جاتے ہیں۔ وہ سوراخ اتنا چھوٹا ہوتا ہے کہ ہماری آنکھ سے نظر بھی نہیں آتا ہے۔
- بچوں سے کہیں کہ یہ پھل جس پر نشان ہے اور اس کے اندر بہت بھوکا کیڑا یا تو ابھی تک ہے یا کھا کر جا چکا ہے۔ ہمارے کھانے کے قابل نہیں رہا ہے۔ پہلے اس کو کاٹ کر دیکھیں گے ہوسکتا ہے ہمیں وہ ابھی بھی اس میں کھانا کھاتا مل جائے۔
- اب پھل کو کاٹ کر دکھائیں۔ اگر کیڑا نظر آ رہا ہے تو وہ بھی دکھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ اب اس پھل کا کیا کریں۔

- وہ کہیں گے کہ اس کو پھینک دیں۔ آپ ان کو بتائیں کہ یہ پھل کھانے کے قابل نہیں رہا ہے۔ اگر کھا لیا تو ہم بھی میکائیل کی طرح پیٹ پکڑ کر لیٹ جائیں گے۔ پھر کڑوی دوائیاں پینا پڑیں گی۔ ڈاکٹر کے پاس جانا پڑے گا۔
- خراب پھل کو پھینکنے کے بعد باقی پھلوں کو پیالے میں کاٹیں۔ بچوں کی مرضی کے مطابق اس میں چینی اور چاٹ مصالحہ ملائیں۔
- پہلے سے انتظام کی ہوئی آٹھ پلیٹوں میں کٹے ہوئے پھل ڈال دیں۔ بچوں کے آٹھ گروپ بنادیں۔ بچے اپنے لائے ہوئے چمچے سے گروپ میں بیٹھ کر پھلوں کی چاٹ کھائیں۔

گھر کا کام
5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ گھر سے بہت اچھی طرح کہانی کو کئی مرتبہ پڑھ کر آئیں۔ کہانی میں دیئے گئے پھلوں کی انگریزی اپنے ابو یا امی سے معلوم کرکے آئیں۔

یہ ہدایات ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور پڑھ کر بھی بچوں کو بتائیں۔ اگر بچے لکھ سکیں تو ان کی کاپیوں میں لکھوادیں۔

## سیشن 4

25 منٹ

- آج پہلے چھ بچوں سے الگ الگ پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر کہانی میں دیئے گئے تینوں پھلوں کے نام لکھیں۔ سیب' آلوچا' خربوزا ۔ بچوں سے پوچھیں ان الفاظ کی انگریزی کیا ہوتی ہے۔ سیب (apple) آلوچا (plum) خربوزا (melon)
- کسی بھی دس بچوں سے باری باری ایک ایک پھل کا نام (نام وہ کتاب سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں) اور پھر اس کی انگریزی لکھوائیں۔ یہ کام بورڈ پر ہوگا۔
- اب باری باری باقی بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان میں کوئی لفظ غلط ہجے کے ساتھ لکھا ہے۔ جو غلط ہجے ہے اسے نشان لگادیں اور کوشش کریں کہ بچوں کی مدد سے ہی اس کو درست کریں۔
- جب تینوں الفاظ کی اردو اور انگریزی کی ہجے درست ہوجائے تو بچے اپنی اپنی کاپی میں اتاریں۔

20 منٹ

- بچے پہلے پینسل سے اپنی پسند کے پھلوں کی تصویریں بنائیں پھر کریون یا رنگین پینسلوں کی مدد سے ان میں رنگ بھریں۔

پھلوں کے نیچے ان کے نام لکھیں۔ کاغذ کے اوپر اپنا نام لکھیں کیونکہ یہ پہلی کلاس کے بچے ہیں اس لئے اگر پھلوں کی ہجے صحیح نہ کرسکیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

Copyright © Bookgroup
2017

All rights reserved. No part of this book may be reproduced, transmitted or stored in an information retrieval system in any form or by any means, graphic, electronic or mechanical, including scanning, photocopying, taping and recording, without prior written permission from the publisher.

Printed in Pakistan by
JTS Printers, Karachi